This question paper contains 5 printed pages.]

Your Roll No. ....

5294

B.A. (PROGRAMME)/I A

(Language Course)

URDU LANGUAGE (A) — Paper I

(Admission of 2005 and onwards)

Time : 3 Hours **Maximum Marks : 75**

(Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.)

1. ذیل کے اقتباسات میں سے ایک کی تشریح مع سیاق و سباق کیجئے : 15

(الف)

یہ سلطنت تو کرنے لگا مگر افسردہ خاطر پژمردہ دل، بسبب شرم و حیا، مفصل حال کسی سے نہ کہتا تھا۔ شب و روز غمگین اور اندوہناک پڑا رہتا تھا۔ جب وہ بلبل ہزار داستان یعنی فرزند شمع دودمان یاد آتے تھے۔ ظلِ سبحانی آہ کو لب پر لاتے تھے۔

اب اُن لڑکوں کا حال سنیے جس کو بھیڑیا اٹھائے لیے جاتا تھا اُدھر سے کوئی تیرانداز سبک دست آتا تھا۔ اس نے چھڑا دیا دوسرا جو غوطے کھاتا تھا اس کو ماہی گیر نے دامِ محبت میں الجھایا۔ وہ دونوں لاولد تھے۔ اسی شہر کے رہنے والے جہاں ان لڑکوں کا باپ بادشاہ ہوا تھا۔ وہ اپنے اپنے گھر میں لابقدرِ مقدور لڑکوں کی پرورش کرنے لگے۔ جل جلالہٗ کیا سنگ تفرقہ فلک نے پھینکا کہ ایک دوسرے سے جدا ہو گیا۔

(ب)

ہر تمدّن قوم میں نشست و برخاست کے مختص قوانین اور اصول موضوعہ ہوا کرتے ہیں۔ کیونکہ ان ہی سے اس قوم کی ترقی و تہذیب کا درجہ قایم ہوا کرتا ہے۔ ان مراتب کا قائم کرنا اس شخص کا استقبال دروازے تک آکے کرنا چاہیے، کس کے لیے کھڑے ہو جانے کی ضرورت ہے، کس کے لیے نیم خیز ہو کے اور کس کے لیے اپنی جگہ پر بیٹھے ہی بیٹھے آیئے تشریف لایئے کہہ دینا کافی ہے۔ زیادہ تر اپنے دلی فیصلے اور اجتہاد پر موقوف ہے اور اس اجتہاد کا جیسا ملکہ لکھنؤ کے مہذّب شرفا کو حاصل ہے، کسی کو نہیں۔

15   2. ذیل کے شعری اقتباسات میں سے **ایک** کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کیجئے :

(الف)

ٹھانی تھی دِل میں اب نہ ملیں گے کسی سے ہم
پر کیا کریں کہ ہو گئے ناچار جی سے ہم

ہنستے جو دیکھتے ہیں کسی سے کسی کو ہم
منہ دیکھ دیکھ روتے ہیں کس بے کسی سے ہم

ہم سے نہ بولو تم، اسے کیا کہتے ہیں بھلا
انصاف کیجے، پوچھتے ہیں آپ ہی سے ہم

صاحب نے اس غلام کو آزاد کر دیا
لو بندگی کہ چھوٹ گئے بندگی سے ہم

کیا دل کو لے گیا کوئی بیگانہ آشنا
کیوں اپنے جی کو لگتے ہیں کچھ اجنبی سے ہم

(ب)

یہ سنتے سنتے غیر ہوا اس جری کا حال
زانوئے شاہِ دیں پہ کیا حُر نے انتقال
خیمے کے در پہ لاش کو لایا علی کا لال
سب بیبیوں نے کھول دیے اپنے سر کے بال
زینب یہ روئی شہ کے فدائی کے واسطے
جیسے بہن تڑپتی ہے بھائی کے واسطے

3. ذیل میں سے کسی **ایک** پر مضمون تحریر کیجیے : 15

(الف) انٹرنیٹ - عہد حاضر کی اہم ضرورت

(ب) تعلیم نسواں

(ج) میرا پسندیدہ ادیب

4. ذیل میں سے **تین** کی تعریف مثالوں کے ساتھ دیجیے : 15

استعارہ - تشبیہ - غزل - مرثیہ - رباعی - مجاز مرسل

5. غالب کے خطوط کی اہم خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔ 5

یا

پریم چند کی افسانہ نگاری کی امتیازی خصوصیات بیان کیجئے۔

6. مرزا غالب کی شاعری کی خصوصیات پر اظہارِ خیال کیجئے۔ 5

یا

محمد تقی میر کی شاعری کے عنوان سے ایک مضمون تحریر کیجئے۔

7. دیاشنکر نسیم کی نظم ''مرغِ امیر کی نصیحت'' کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 5

یا

اکبر الٰہ آبادی کی شاعری کی اہم خصوصیات لکھیے۔